بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿ وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنكُمۡ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَيَسۡتَخۡلِفَنَّهُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ كَمَا ٱسۡتَخۡلَفَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمۡ دِينَهُمُ ٱلَّذِي ٱرۡتَضَىٰ لَهُمۡ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّنۢ بَعۡدِ خَوۡفِهِمۡ أَمۡنٗاۚ يَعۡبُدُونَنِي لَا يُشۡرِكُونَ بِي شَيۡـٔٗاۚ وَمَن كَفَرَ بَعۡدَ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡفَٰسِقُونَ ﴾

میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

HIZB UT TAHRIR

منگل، 18رمضان،1443ھ　　19/04/2022　　نمبر:1443/56

پریس ریلیز

رمضان المبارک کے بابرکت مہینے کے دوران، پاکستان کے حکمرانوں نے خلافت کے داعی ارشد جمال کو اغوا کر کے رکھا ہوا ہے

اگرچہ رمضان المبارک کے دوران اللہ سبحانہ وتعالیٰ شیاطین کو زنجیروں میں جکڑ دیتے ہیں، تاکہ متقی مسلمانوں کیلئے دین اسلام پر عمل کرنے میں سہولت ہو، لیکن پاکستان کے حکمران اس کے باوجود اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی صریح نافرمانی سے باز نہیں آتے۔ خلافت کے داعی ارشد جمال کو 2 اپریل، 2022 کو لاہور میں "انسداد دہشت گردی" کے اہلکاروں نے بے دردی سے رستے سے اٹھالیا جب وہ سحری کا سامان لینے کے لیے گھر سے باہر گئے۔ رمضان کا دوسرا عشرہ مکمل ہونے والا ہے لیکن خلافت کے داعی ارشد جمال کو روزے اور قیام کے بابرکت مہینے کے دوران اب تک اغوا کر کے قید میں رکھا گیا ہوا ہے اور کسی عدالت میں پیش نہیں کیا گیا۔ ارشد جمال تین بچوں کے والد ہیں، پیشے کے لحاظ سے آئی ٹی کنسلٹنٹ اور اپنی مقامی کمیونٹی کا ایک ستون ہیں۔ خلافت کے ایک بے باک داعی کے طور پر ارشد نے ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کے ترجمان نوید بٹ کے ساتھ برسوں تک کام کیا تھا۔ خود نوید بٹ کو 11 مئی 2012 کو اغوا کیا گیا تھا اور دس سال سے وہ انٹیلی جنس ایجنسیوں کی قید میں ہیں اور انہیں بھی آج کے دن تک کسی عدالت میں پیش نہیں کیا گیا ہے۔ دین اسلام کے لیے اپنی بے لوث خدمات کے باوجود، ارشد کئی سال سے پاکستان کے حکمرانوں کی طرف سے بار بار ظلم و ستم کا سامنا کر رہا ہے، جس میں اغوا، گرفتاری اور قید شامل ہیں۔ ان کے اغوا کو دو ہفتے سے زائد ہو چکے ہیں اور ابھی تک ان کے متعلق کچھ معلوم نہیں ہو سکا کہ انہیں کہاں رکھا گیا ہوا ہے۔

ان حکمرانوں کے محاسبے کیلئے ہماری پاس ارشد جمال کے اپنے بولڈ بیان سے بہتر الفاظ نہیں ہیں جو انھوں نے نوید بٹ کے اغوا اور خود اپنی گرفتاری کے بعد 26 دسمبر 2012 کو میڈیا بیان میں جاری کیے تھے۔ انہوں نے کہا تھا کہ، " میں آپ سے پوچھتا ہوں کیا اسلام کے آفاقی تصورات، اسلام کے سیاسی نظام اور خلافت راشدہ کے دوبارہ قیام کے ذِکر پر پابندی ہونی چاہئے؟ کیا پاکستان میں مغرب بالخصوص امریکہ کے ساتھ گٹھ جوڑ اور پسِ پردہ سازشوں کے پردوں کو چاک کرنے پر پابندی ہونی چاہئے؟ یا ان کی سازشوں میں شریک سیاسی و عسکری قیادت میں موجود غداروں کی پاکستان کی عوام اور افواج پاکستان کے خلاف خیانتوں کو بے باکی سے بے نقاب کرنے پر پابندی ہونی چاہیے؟"

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، **إنَّ اللَّهَ تَعَالَى قَالَ: مَنْ عَادَى لِي وَلِيًّا فَقْد آذَنْتهُ بِالْحَرْبِ "بے شک اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "جو میرے کسی ولی (دوست) سے دشمنی کرتا ہے تو میری جانب سے اس کے خلاف اعلان جنگ ہے۔"** (بخاری)۔ پاکستان کے حکمران نزول قرآن کے مہینے میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی طرف سے نازل کردہ وحی کے ذریعے حکمرانی کا مطالبہ کرنے والے اللہ کے ولیوں پر ظلم و ستم سے فوراً باز آجائیں۔ وہ جان لیں کہ اللہ تعالیٰ، مظلوم اور روزہ دار، دونوں کی دعا کا جواب دیتا ہے۔ اور اگر وہ اپنے ظلم سے پیچھے نہ ہٹے تو جان لیں کہ مستقبل اہل ایمان کا ہے، جبکہ آج کے ظالم اسی ذلت و رسوائی کا شکار ہوں گے جس کا ان سے پہلے نمرود، فرعون اور قریش ہوئے تھے۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا، **اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ اُولٰۗىِٕكَ فِي الْاَذَلِّيْنَ "جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں وہ نہایت ذلیل ہوں گے۔"** (المجادلہ، 58:20)

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس